© rasailojaraid.com

# مطبوعات

**درس ترمذی جلد ۲** | از جناب مولینا محمد تقی عثمانی - مرتبہ مولینا رشید اشرف سیفی -

ناشر: مکتبہ دارالعلوم - کراچی نمبر ۱۴ - بڑے سائز کے ۶۶۶ صفحات، کتابت وطباعت اچھی، جلد مضبوط، سنہری ڈائی - قیمت: ۶۵/- روپے -

ترمذی شریف مشہور مجموعہ احادیث ہے - اس کتاب میں احادیث کے متعلق جامع درسی تقاریر جمع ہیں جن کا تعلق ابواب الصلوٰۃ، ابواب الوتر، ابواب العیدین، ابواب السفر، ابواب متفرقہ، ابواب الزکوٰۃ اور ابواب صوم سے ہے - میں نے اس کتاب کے کئی حصے پڑھے اور احادیث سے حنفی نقطۂ نظر کے مطابق فقہی مسائل کے استخراج کے لیے وسیع مطالعہ و کاوش کا اندازہ کیا - کسی بھی دوسرے امام فقہ کے پیروؤں کی طرح حنفی فقہ کے مسائل کے استنباط کے لیے بھی ایک ایک حدیث کو اس حیثیت سے زیر بحث لانا پڑتا ہے کہ آیا روایت صحیح ہے یا نہیں؟ کسی دوسری مسلّمہ صحیح روایت سے ایسا ٹکراؤ تو نہیں رکھتی کہ پایۂ اعتبار سے ساقط ہو جائے؟ کوئی دوسری نص اسے منسوخ تو نہیں کرتی؟ اس کی تائید میں دیگر احادیث کے علاوہ آنحضورؐ صلی اللہ علیہ وسلم کا عملی نمونہ کیا ثابت ہوتا ہے؟ صحابہ کی اختیار کردہ تعبیر کیا ہے اور ان کا طریق معمول بہا کیا تھا؟ وغیرہ - اس لحاظ سے اگرچہ ہر امام فقہ کے پیرو اپنے اپنے اختیار کردہ مسالک و مسائل کی طرف بڑی کھینچ تان سے کام لیتے ہیں اور بیک وقت کسی معاملے میں ایک سے زیادہ طریقہ ہائے سنّت کو بھی نہیں مانتے اور سنّت و احادیث کی تشریحات و تاویلات میں بھی اپنے طرز پہ اصرار کرتے ہیں - اس خاص تجزیہ سے ہٹ کر اگر دیکھا جائے تو تقی عثمانی صاحب نے دینی علم کا بہت سا ذخیرہ اور احادیث کا بہت سا سرمایہ اور استدلال

© rasailojaraid.com